
NHS SCOTLAND

# NHS فارمیسی فرسٹ اسکاٹ لینڈ


## مشورہ | علاج | حوالہ رجوع



آپ کی علامات
کے بارے میں مشورہ



علاج اگر تجویز
کیا جاتا ہے



دیگر خدمات
کا ریفرل

## مریضوں کے لئے معلومات

Healthier Scotland
Scottish Government

## NHS فارمیسی فرسٹ اسکاٹ لینڈ کیا ہے؟

- **NHS فارمیسی فرسٹ اسکاٹ لینڈ** NHS سروس ہے جو آپ کی مقامی کمیونٹی فارمیسی (NHS نسخوں اور خدمات فراہم کرنے کے معاہدے کے ساتھ ایک فارمیسی) کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے۔
- اگر آپ کو کوئی معمولی مرض یا بیماری ہے، تو فارمیسی وہ پہلی جگہ ہے جہاں آپ کو مشورے کے لئے جانا چاہئیے۔
- آپ کو عموماً ملاقات کی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور آپ کسی بھی فارمیسی میں جا سکتے ہیں۔
- آپ کا فارماسسٹ آپ کو معمولی بیماری، اور دوا کے بارے میں مشورہ دے سکتا ہے اگر اسے لگتا ہے کہ آپ کو اس کی ضرورت ہے۔

## سروس کس کے لئے ہے؟

اگر آپ اسکاٹ لینڈ میں GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں یا آپ اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں تو آپ **NHS فارمیسی فرسٹ اسکاٹ لینڈ** کو استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو مزید تفصیلات درکار ہوں تو فارمیسی ٹیم سے بات کریں۔

## سروس کیسے کام کرتی ہے؟

- فارماسسٹ اور ان کی ٹیمیں ادویات میں ماہر ہوتی ہیں اور صحت کی معمولی مسائل میں مدد کر سکتی ہیں۔
- ایک فارماسسٹ آپ کو معمولی بیماریوں جیسا کہ مندرجہ ذیل کے لئے مشورہ اور علاج (اگر آپ کو ضرورت ہے) دے سکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| کیل مہاسے | سر کی جوئیں |
| الرجیز | بواسیر (مقعد کا ورم) |
| ایتھلیٹ فٹ یعنی پاؤں کے داد | تپ کاہی |
| کمر درد | امپیٹیگو یعنی زرد زخم |
| ناک بند ہونا یا بہنا | بدہضمی |
| تبخال | منہ کے زخم |
| قبض | درد |
| کھانسی | ماہواری کا درد |
| ورم مثانہ (خواتین میں) | گلے کی سوجن |
| اسہال | تھریڈ وارمز |
| کان کا درد | منہ پک جانا |
| چنبل | گومڑی |
| سر درد | مسے |

- فارماسسٹس، جیسا کہ NHS، GPs پر صرف کچھ ادویات اور مصنوعات مہیا کرسکتے ہیں۔ یہ تمام آپ کی حالت کے علاج کے لئے موثر طور پر ثابت شدہ ہیں۔ اگر آپ کو کوئی مخصوص دوا یا مصنوعہ چاہئیے، تو آپ کو اسے خریدنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ فارماسسٹ آپ کو اس بارے میں مشورہ دے گا۔
- اگر فارماسسٹ کو یہ لگتا ہے کہ آپ کے لئے اپنے GP سے ملاقات کرنا بہتر ہے، تو وہ آپ کو براہ راست رجوع کا حوالہ دے سکتے ہیں یا آپ کو ملاقات طے کرنے کا بتا سکتے ہیں۔

## میں اس سروس کو کیسے استعمال کروں؟

- **NHS فارمیسی فرسٹ اسکاٹ لینڈ**، اسکاٹ لینڈ میں تمام فارمیسیوں سے دستیاب ہے جو NHS نسخے مہیا کرتی ہیں۔
- آپ منتخب کرسکتے ہیں کہ کون سی فارمیسی استعمال کی جائے۔
- زیادہ تر معاملات میں، آپ کو ملاقات کے لئے وقت لینے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔
- جب آپ فارمیسی جاتے ہیں، تو فارماسسٹ (یا ان کی ٹیم میں سے کوئی) آپ سے آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور پوسٹ کوڈ سمیت کچھ معلومات طلب کرے گا۔
- فارماسسٹ یہ کام کرے گا:
    - آپ سے آپ کی علامات کے بارے میں پوچھے گا؛
    - آپ کی حالت کے بارے میں آپ کو مشورہ دے گا؛
    - ادویات مہیا کرے گا (اگر آپ کو ضرورت ہوئی)؛ اور
    - اگر انہوں نے ضروری سمجھا تو آپ کو کسی اور صحت کے پیشہ ورانہ فرد (مثال کے طور پر، آپ کے GP) کے پاس بھیج دے گا۔
- وہ آپ کو جو مشورہ اور علاج فراہم کرتے ہیں اس کا ایک نوٹ بنانے کے لئے وہ مریض کی ادویات کا ریکارڈ (PMR) تشکیل دیں گے۔
- اگر آپ فارماسسٹ سے رازداری میں بات کرنا چاہتے ہیں، تو آپ فارمیسی کی مشورہ کیلئے جگہ یا کمرہ استعمال کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔

## کیا میں اب بھی دوسری فارمیسیز میں جا سکتا/سکتی ہوں؟

- ہاں، آپ ادویات خریدنے، نسخے لینے یا **NHS فارمیسی فرسٹ اسکاٹ لینڈ** کی سروس استعمال کرنے کے لئے کسی بھی فارمیسی پر جا سکتے ہیں۔ آپ کو ہمیشہ ایک ہی فارمیسی استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- تاہم، اگر آپ ہمیشہ ایک ہی فارمیسی کو استعمال کرتے ہیں، تو فارماسسٹ آپ کے علاج کا ایک ریکارڈ بنا سکتا ہے، جس سے آپ کو اپنی حالت زیادہ موثر طریقے سے منظم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ (اس ریکارڈ کا کسی اور کے ساتھ اشتراک نہیں کیا جاتا ہے۔)

## اگر میں فارمیسی سے موصولہ خدمات سے ناخوش ہوں تو کیا کروں؟

- پہلے تو، فارماسسٹ سے بات کریں تاکہ وہ معاملے کو فوری طور پر حل کرنے کی کوشش کر سکیں۔
- اگر آپ یہ نہیں کرسکتے ہیں، یا اگر آپ پہلے ہی اپنے فارماسسٹ سے بات کر چکے ہیں اور پھر بھی ناخوش ہیں، تو آپ اپنے مقامی NHS ہیلتھ بورڈ میں رائے اور شکایات ٹیم سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ رابطے کی تفصیلات NHS اطلاع دیں ویب سائٹ www.nhsinform.scot پر دی گئی ہیں۔

## مزید معلومات تلاش کرنے کا طریقہ

- اس کتابچے میں کسی بھی بارے میں مزید معلومات کے لئے، رابطہ کریں:
- آپ کی مقامی فارمیسی؛
- آپ کا ڈاکٹر یا آپ کی نگہداشت میں شامل NHS عملے کا رکن؛
- **0800 22 44 88** پر NHS اطلاع دیں ہیلپ لائن (لینڈ لائن سے کال مفت ہیں)، یا NHS اطلاع دیں ویب سائٹ www.nhsinform.scot پر؛
- **0800 011 3200** پر مریضوں کے مشورے اور معاونت سروس (PASS) یا آپ کے مقامی شہری مشورہ بیورو (ویب سائٹ www.cas.org.uk پر یا اپنی مقامی فون بک میں اپنے قریب ترین بیورو کو تلاش کریں)۔

یہ معلومات سکاٹش گورنمنٹ کی ویب سائٹ (www.gov.scot) پر اور NHS اطلاع دیں کی ویب سائٹ (www.nhsinform.scot) پر دستیاب ہے۔

Crystal Mark 23289
Clarity approved by Plain English Campaign

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba
gov.scot

© کراؤن کاپی رائٹ 2020

OGL

یہ اشاعت اوپن گورنمنٹ لائسنس v3.0 کی شرائط کے تحت لائسنس یافتہ ہے ماسوائے جب تک کچھ اور بیان نہ کیا جائے۔ یہ لائسنس دیکھنے کے لئے، **nationalarchives.gov.uk/doc/open-government-licence/version/3** ملاحظہ کریں یا انفارمیشن پالیسی کی ٹیم کو The National Archives, Kew, London TW9 4DU پر لکھیں، یا ای میل کریں: **psi@nationalarchives.gsi.gov.uk**.

جہاں ہم نے کسی فریق ثالث کے کاپی رائٹ کی معلومات کی نشاندہی کی ہے وہاں آپ کو متعلقہ کاپی رائٹ کے حاملین سے اجازت لینے کی ضرورت ہوگی۔

یہ اشاعت **www.gov.scot** پر دستیاب ہے

اس اشاعت کے حوالے سے کوئی بھی استفسارات ہمیں یہاں بھیج سکتے ہیں
The Scottish Government
St Andrew’s House
Edinburgh
EH1 3DG

ISBN: 978-1-83960-444-7

اسکاٹش گورنمنٹ کی طرف سے اپریل 2020 کو شائع ہوا

اسکاٹش گورنمنٹ کے لئے تیار کردہ بطرف APS Group Scotland, 21 Tennant Street, Edinburgh EH6 5NA PPDAS675394 (04/20)